**Inam / Sadiq**

**01-07-2025**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ شبانہ رحمٰن

**Music**

--------------------------------

☆ ملک ڈیجیٹل انڈیا کے 10 سال پورے ہونے کی تقریبات منا رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اب یہ مشن ایک عوامی تحریک اور آتم نربھر بھارت کی تعمیر کیلئے ایک بنیاد بن گیا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت-امریکہ تعلقات ، مستحکم ہیں اور ان تعلقات میں ٹیکنالوجی ، تجارت ،تعلیم اور سکیورٹی کے شعبوں میں تعاون بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

☆ ہماچل پردیش میں مانسون کی بارش کے سبب زمینی تودے گرگئے ہیں ۔

☆ IMD نے موسلادھار بارش کے پیشِ نظر الرٹ جاری کیا ہے۔ اِدھر اتراکھنڈ میں بارش میں کمی آئی ہے۔

☆ اور خواتین کرکٹ میں، آج رات Bristol میں دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان انگلینڈ سے ہوگا۔

..................................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM - Digital India Blog**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل انڈیا، ایک عوامی تحریک بن گئی ہے ، جو آتم نربھر بھارت کی تعمیر، نیز بھارت کو دنیا کا ایک بااعتبار اختراعی شراکت دار بنانے میں، مرکزی کردار ادا کررہی ہے۔ ڈیجیٹل انڈیا پروگرام کے 10 سال پورے ہونے کے موقع پر انہوں نے کہا کہ بھارت اب ''ڈیجیٹل حکمرانی سے، عالمی ڈیجیٹل شراکت داری کی طرف'' اور ''بھارت مقدم سے بھارت دنیا کیلئے'' کی طرف بڑھ رہا ہے۔ جناب مودی نے لکھا ہے کہ کبھی بھارتی افراد کی اِس صلاحیت پر شک کیا جاتا تھا کہ آیا وہ ٹیکنالوجی کا استعمال کرسکتے ہیں؟ لیکن اب یہ نظریہ بدل گیا ہے۔ وزیرِ اعظم نے خاص طور پر کہا کہ 42 لاکھ کلومیٹر سے زیادہ آپٹیکل فائبر کیبل، جو زمین اور چاند کے درمیان فاصلے سے 11 گنا ہے، اب سب سے زیادہ دور دراز کے گاؤوں تک بھی پہنچ گئے ہیں۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت میں 5G کا آغاز، دنیا میں سب سے زیادہ تیز رفتاری سے ہوا ہے، جس کے تحت محض دو سال میں چار لاکھ 81 ہزار بنیادی اسٹیشنز نصب کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آدھار، CoWIN، Digi Locker، FASTag ، پی ایم وانی اور ''ایک ملک ایک Subscription'' جیسے ، بھارت کے ڈیجیٹل سرکاری بنیادی ڈھانچے DPI کے تحت، پلیٹ فارمز کا مطالعہ کیا جارہا

ہے اور انہیں عالمی سطح پر اپنایا جارہا ہے۔ انھوں نے نوجوانوں میں **AI** کی صلاحیت والی مداخلت اور **AI** کی ہنرمندی میں بھارت کی طاقت کو اجاگر کیا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت ایسی **AI** میں مہارت حاصل کررہا ہے، جس میں انسانیت کو مقدم رکھا گیا ہے۔ جناب مودی نے اپنی بات پوری کرتے ہوئے کہا کہ اگلی دہائی ، اور زیادہ تبدیلی لانے والی ہوگی۔ **x**

**Digital India**

ڈیجیٹل انڈیا کے سبب نہ صرف ٹیکنالوجی، لوگوں کی زندگی کا حصہ بنی ہے، بلکہ اِس کی وجہ سے لوگوں کو موقعے بھی فراہم ہوئے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ڈیجیٹل انڈیا پہل کی وجہ سے خاطر خواہ ترقی ہوئی ہے۔ اس کے سبب انٹرنیٹ خدمات ، دور دراز کے علاقوں میں بھی فراہم ہوئی ہیں اور سرکاری خدمات آن لائن دستیاب ہوئی ہیں۔

***VC - Akshit***

ڈیجیٹل انڈیا پہل کی وجہ سے ، ملک کے دور دراز علاقوں تک انٹر نیٹ کی خدمات دستیاب ہوئی ہیں، جس سے ملک میں ڈیجیٹل تفریق صحیح معنوں میں ختم ہوئی ہے اور سرکاری خدمات آن لائن دستیاب ہوئی ہیں۔ اب لوگوں کو محض چند **Clicks** میں حفظانِ صحت ،تعلیم ، بینکنگ اور دیگر خدمات فراہم ہوجاتی ہیں۔ موبائل رابطے بھی ڈیجیٹل انڈیا مہم کے سبب ملک کے تقریباً ہر گاؤں تک پھیل چکے ہیں۔ راست فائدوں کی منتقلی کے ذریعے **44** لاکھ کروڑ روپے منتقل کئے جاچکے ہیں، جس کی وجہ سے تین لاکھ **48** ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرکاری بچت ہوئی ہے۔ ڈیجیٹل خدمات کی وجہ سے حکمرانی میں تیزرفتاری اور مزید شفافیت آئی ہے۔ آج تقریباً **46** کروڑ لوگ اور **6** کروڑ سے زیادہ تجارت پیشہ افراد **UPI** کا استعمال کررہے ہیں۔ **Akshit Vedyan** کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ...

**PM Docters and CA Day**

ملک آج ڈاکٹرس اور چارٹیڈ اکاؤنٹنٹس کا دِن منا رہا ہے، جو دو اہم پیشوں کے تئیں خدمات کا اعتراف ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اس موقع پر سبھی محنتی ڈاکٹروں اور چارٹیڈ اکاؤنٹنٹس کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ ڈاکٹرس صحت کے حقیقی محافظ اور انسانیت کے ستون ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت کے طبی نگہداشت سے متعلق بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے میں اُن کا تعاون بے مثال ہے۔ ایک اور پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ شفافیت اور ایمانداری کو فروغ دے کر چارٹیڈ اکاؤنٹنٹس کامیاب اداروں کے قیام اور صحت مند معیشت میں بھی اپنا شاندار رول ادا کر رہے ہیں۔ **x**

**Jaishankar Interview**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھارت اور امریکہ کے درمیان، خاص طور پر پچھلے **25** سال کے دوران تعلقات کی تعریف کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان، پچھلے پانچ امریکی صدور کے عہدے کی مدت کے دوران مضبوط اور بہت ہی مثبت تعلقات رہے ہیں۔ ڈاکٹر جے شنکر نے، جو فی الحال امریکہ کے دورے پر ہیں ، کہا کہ بھارت اور امریکہ کے تعلقات کا رجحان پچھلے **25** سال میں، ڈھانچہ جاتی حقائق کے سبب بہت مضبوط رہا ہے۔ یہ حقائق اقتصادیات، ٹیکنالوجی، تعلیم، سکیورٹی اور توانائی کی بنیاد پر تعلقات کیلئے فائدہ مند رہے ہیں۔

وزیرِ خارجہ نے کہا کہ دونوں ملک بہت ہی پیچیدہ تجارتی مذاکرات کے مرحلے میں ہیں۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ بھارت اور امریکہ، اِن تجارتی مذاکرات کے ایک کامیاب حل پر پہنچیں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ چیلنجز ، پیچیدہ دو طرفہ تعلقات کا ناگزیر حصہ ہوتے ہیں لیکن طرفین میں یہ اہلیت ہونی چاہیئے کہ وہ

اِن سے نمٹیں اور اِس رجحان کو مثبت سمت کی جانب برقرار رکھیں۔

***SB - Jaishankar***

**GST - Eight Years**

اشیاء اور خدمات ٹیکس GST ، جسے ایک واحد اور یکجا نظام والے، بالواسطہ ٹیکس نظام کی جگہ لایا گیا ہے، آج اِس کے 8 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ GST نظام، اقتصادیات کو مربوط بنائے جانے اور ٹیکس اصلاحات کی جانب ایک بڑے قدم کے طور پر 2017 میں شروع کیا گیا تھا۔ اِس کی وجہ سے ٹیکس ادائیگی آسان تر ہوگئی ہے، کاروبار پر آنے والی لاگت میں کمی آئی ہے اور اشیاء کو ریاستوں میں آزادی اور آسانی کے ساتھ بھیجا جانے لگا ہے۔ اِن اقدامات سے نہ صرف کاروبار کرنے میں آسانی پیدا ہوئی ہے بلکہ ٹیکس کی ادائیگی کا نظام بھی مستحکم ہوا ہے۔ x

**US - India Trade Deal.**

امریکہ نے بھارت بحرالکاہل خطے میں اپنے اہم دفاعی اتحادی کے طور پر بھارت کی اہمیت کو دوہرایا ہے۔ اُس نے تصدیق کی ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان جلد ہی ایک تجارتی معاہدے کا اعلان کیا جائے گا، جس کا طویل عرصے سے انتظار ہے۔ وہائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری karoline Leavitt نے ایک پریس بیان کے دوران، خطے میں بھارت کے رول کو سراہا اور امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کے درمیان مضبوط ذاتی تعلقات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے یہ رائے زنی وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے امریکہ کے دورے کے دوران کی ہے، جو QUAD وزراء خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کیلئے امریکہ گئے ہوئے ہیں۔ x

**Egypt - Iran IAEA**

مصر کے وزیرِ خارجہ بدر عبد العاطی نے ، ایران کے اپنے ہم منصب سید عباس عراقچی اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے سربراہ رَفال گروسی سے فون پر بات چیت کی ہے۔ یہ بات چیت ایران کے نیوکلیائی معاملے کے حل کے مقصد سے کی گئی ہے۔

جناب عراقچی سے گفتگو کے دوران مصر کے وزیر نے ایران کے نیوکلیائی معاملے پر مذاکرات جلد از جلد دوبارہ شروع کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اِسے اعتماد سازی اور کشیدگی کم کرنے کا ایک بہترین راستہ قرار دیا۔ IAEA کے سربراہ کے ساتھ اپنی بات چیت میں عبدالعاطی نے ایجنسی کی طرف سے نبھائے گئے اہم رول کے تئیں مصر کی مکمل حمایت کا اظہار کیا، جو نیوکلیائی ہتھیاروں کے پھیلاؤ کو روکنے سے متعلق سمجھوتے کے تحت توثیق کے فریم ورک کے اندر ہے۔ x

**Wather Utrakhand**

اتراکھنڈ میں گزشتہ تین روز سے بارش کا جو سلسلہ جاری تھا، آج اُس میں کچھ کمی آنے سے راحت ملی ہے۔ بند سڑکوں سے ملبے کو ہٹانے اور مختلف علاقوں میں ٹوٹی ہوئی سڑکوں کی مرمت کا کام تیزی سے انجام دیا جارہا ہے۔ مٹی کے تودے گرنے کی وجہ سے ریاست میں دیہی علاقوں سے رابطے والی 100 سے زیادہ سڑکیں اب بھی بند ہیں۔ اترکاشی ضلعے میں یمونتری قومی شاہراہ، جسے مٹی کے تودے کھسکنے کی وجہ سے نقصان پہنچا تھا،بحال کیے جانے کا کام جنگی پیمانے پر انجام دیا جارہا ہے۔ ریاست کے بڑے دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ درج کیا گیا ہے۔ حکام، حساس علاقوں کا قریب سے نگرانی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اِس دوران موسمیات کے محکمے نے اترکاشی، دہرادون اور باگیشور اضلاع کے کچھ علاقوں میں آج موسلا دھار بارش کے لیے ایک یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے دیگر اضلاع کے کچھ حصوں کے لیے بھی شدید بارش ہونے کے تعلق سے یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔x

**IMD July Rainfall**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے پیشگوئی کی ہے کہ جولائی کے مہینے کے دوران مجموعی طور پر ملک بھر میں ہونے والی اوسط بارش

معمول سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ یہ اوسط بارش، طویل مدتی اوسط سے زیادہ 106 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ ایک پریس کانفرنس کے دوران IMD کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر Mrutyunjay مہاپاترا نے کہا کہ ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

**Telangana Death Toll**

تلنگانہ کے سنگاریڈی ضلعے کے پشامیلاٹم میں دوا ساز کمپنی میں دھماکے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 35 ہو گئی ہے۔ پولیس اب تک صرف 11 لاشوں کی شناخت کر سکی ہے۔ بچاؤ کارروائی کی نگرانی کرنے والے حکام نے بتایا ہے کہ تقریباً 16 کارکنوں کے اب بھی ملبے کے نیچے پھنسے ہونے کا خدشہ ہے۔ این ڈی آر ایف اور ایس ڈی آر ایف حکام کی مدد سے بچاؤ کی کوششیں دن رات جاری ہیں۔جلنے سے زخمی اسپتال میں داخل 35 کارکنوں میں سے 12 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ خبر ہے کہ مزدور متاثرین کا تعلق زیادہ تر اوڈیشہ، اتر پردیش اور بہار سے ہے۔اس دوران وزیر اعلی ریونت ریڈی نے آج جائے حادثہ کا دورہ کیا۔ انہوں نے حکام کے ساتھ ان حالات کے بارے میں بات چیت کی جن کی وجہ سے دھماکہ ہوا۔ انھوں نے امدادی کارروائیوں کا جائزہ لیا۔وزیر اعلیٰ نے اس المناک واقعے کی مکمل تحقیقات کا حکم دیا ہے۔x

**Sports**

خواتین ٹی ٹوینٹی کرکٹ میں، پانچ میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت آج رات Bristol میں انگلینڈ کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات گیارہ بجے شروع ہوگا۔ مہمان ٹیم نے پہلا میچ Nottingham میں 97 رن سے جیت کر سیریز میں ایک - صفر کی برتری حاصل کر رکھی ہے۔وہیں'' Wimbledon ٹینس ٹورنامنٹ'' میں دو مرتبہ کے دفاعی چمپئن کا Carlos Alraraz نے اطالوی کھلاڑی Fabio Fagnini کو ایک دلچسپ اور سخت مقابلے کے بعد، پانچ سیٹوں پر مشتمل میچ میں شکست دے کر، پہلے راؤنڈ میں کامیابی حاصل کر لی۔x

**Tennis Open**

ٹینس میں ویمبلڈن اوپن میں دو مرتبہ کے دفاعی چمپئن اسپین کے کھلاڑی کارلوس Alcaraz، اٹلی کے کھلاڑی Fabio Fognini کو تین-دو سے ہراکر آل انگلینڈ کلب میں مردوں کے سنگلز کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ اب کل اُن کا مقابلہ برطانیہ کے کھلاڑی Oliver Tarvet سے ہوگا۔ خواتین کے سنگلز میں آج افتتاحی راؤنڈ میں امریکہ کی Coco Gauff کا سامنا یوکرین کی کھلاڑی Dayana Yastremska سے ہوگا۔ مردوں کے ڈبلز کے افتتاحی راؤنڈ کے مقابلوں میں بھارت کل اپنے کھیل کا آغاز کرے گا۔ بھارت کے روہن بوپنا، یوکی بھامبری، سری رام بالاجی اور Rithvik چودھری Bollipalli کل اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔x

---